سرخیاں

۱۔ وزیراعظم نریندر مودی نے تلنگانہ کے لئے نیشنل ٹرمرک بورڈ اور سمکا سارالما قبائلی یونیورسٹی کا اعلان کیا۔

۲۔ نریندر مودی نے محبوب نگر میں 13 ہزار 550 کروڑ روپے کے کئی ترقیاتی پراجکٹس کو قوم کے نام کیا۔

۳۔ وزیراعظم نے کہا کہ تلنگانہ کی عوام بی آر ایس حکومت پر اپنا بھروسہ کھو چکے ہیں اور تبدیلی کی طرف دیکھ رہے ہیں۔

اور

۴۔ تلنگانہ بھر میں آج لوگوں نے مہاتما گاندھی کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے صفائی ستھرائی مہم میں حصہ لیا۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے تلنگانہ کے لئے نیشنل ٹرمرک بورڈ اور سمکا سارالما ٹرائبل یونیورسٹی کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے حیدرآباد سنٹرل یونیورسٹی کو اہمیت کا ادارہ قرار دیا۔ آج دوپہر محبوب نگر میں کئی ترقیاتی پروگرامس کے افتتاح اور آغاز کے بعد خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہلدی بورڈ سے ہلدی کی فصل کے بارے میں تمام پہلوؤں پر ہلدی کے کسانوں کی مدد ہوگی۔ انہوں نے قبائلی یونیورسٹی کے لئے 900 کروڑ روپے کا اعلان کیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ انفرااسٹرکچر کے فروغ سے علاقہ میں معاشی سرگرمیاں تیز ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ یہ انفرااسٹرکچر اور ترقی کے پراجکٹس روزگار کے موقع بڑھائیں گے اور لوگوں کی زندگیاں بہتر بنائیں گے۔ فوڈ پراسیسنگ، میگا پارک کے بارے میں انہوں نے کہا کہ اس سے خاص طور پر ہنمکنڈہ، ورنگل، کھمم اور محبوب نگر ضلعوں کے عوام کو مدد ملے گی۔ انہوں نے 13 ہزار 500 کروڑ سے زیادہ کے ترقیاتی منصوبوں کے لئے سنگ بنیاد رکھا اور انہیں قوم کے نام کیا۔ انہوں نے منیرآباد۔ محبوب نگر سکشن پر جاکلیر۔ کرشنا کے درمیان نئی ریلوے لائن اور ایچ پی سی ایل کے ہاسن ۔ چرلاپلی ایل پی جی پائپ لائن پراجکٹ کو قوم کے نام کیا جو دو ہزار 661 کروڑ روپے سے بنائے جائیں گے۔ انہوں نے کاچی گوڑہ۔ رائچور۔ کاچی گوڑہ ڈیموٹرین سرویس کا بھی افتتاح کیا اور سوریہ پیٹ۔ کھمم چار رخی شاہراہ کا بھی افتتاح کی۔ انہوں نے آندھراپردیش میں کرشنا پٹنم اور حیدرآباد کے درمیان ملٹی پراڈکٹ پائپ لائن کی تعمیر کے لئے بھی سنگ بنیاد رکھا۔ انہوں نے 6 ہزار 400 کروڑ سے زیادہ مالیت کے کئی دوسرے سڑک منصوبوں کے لئے سنگ بنیاد رکھا۔ وزیراعظم نے حیدرآباد میں سنٹرل یونیورسٹی کی چار عمارتوں کا ورچول افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ مرکز نے تلنگانہ میں ترقیاتی پراجکٹس پر 9 لاکھ کروڑ روپے خرچ کئے ہیں۔ گورنر ڈاکٹر تملی سائی سوندراراجن اور دوسروں نے اس پروگرام میں شرکت کی۔ وزیراعظم مودی کو عوامی استقبالیہ دیا گیا۔ اس کے دوران انہیں پھولوں سے سجے ایک رتھ پر بٹھایا گیا۔ عوام نے جلسہ عام کے راستہ میں پھول کی پتیوں سے ان کا استقبال کیا۔

☆☆☆

وزیراعظم نریندر مودی نے آج الزام لگایا ہے کہ بی آر ایس حکومت نے فلاحی اسکیموں کے نام پر کسانوں کو دھوکہ دیا ہے۔ محبوب نگر میں آج شام ریاستی بی جے پی کی طرف سے منعقدہ پلاموروپرجا گرجنا جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ عوام بی آر ایس پارٹی پر سے بھروسہ کھو چکے ہیں اور تبدیلی چاہتے ہیں۔ وہ وعدوں پر عمل آوری کے بھی خواہشمند ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج جن ترقیاتی پراجکٹس کے لئے سنگ بنیاد رکھا گیا ہے ان سے علاقہ میں روزگار کے مواقع بہتر ہوں گے۔ انہوں نے انفرااسٹرکچر سہولتوں

کا تقابل پچھلے دوراور موجودہ دور سے کیا  اور کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ عوام اور کسانوں کوسہولت ملے اور وہ آسانی سے کشمیر سے کنیا کماری تک سفر کریں۔ انہوں نے کہا کہ مودی کی ضمانت پر عوام کو بھروسہ ہے۔ انہوں نے خاندانی سیاست چلانے کے لئے بی آر ایس، کانگریس اور کل ہند مجلس اتحادالمسلمین پر تنقید کی۔ وزیر اعظم نے کہا کہ پی ایم کسان سمان اسکیم کے ذریعہ تلنگانہ میں دس ہزار کروڑ روپے کسانوں پر خرچ کئے گئے۔ بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ اپنے وعدوں پر عمل آوری میں ناکام ہوگئے ہیں۔ انہوں نے وزیر اعظم کے ہاتھوں ترقیاتی کاموں کے افتتاح میں شرکت نہ کرنے کے لئے چیف منسٹر پر تنقید کی۔ بی جے پی کے راجیہ سبھا رکن ڈاکٹر لکشمن نے مودی کی تقریر کا تلگو میں ترجمہ کیا۔

☆☆☆

وزیر فینانس ہریش راؤ نے کہا ہے کہ چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ نے ریاست کے سرکاری ملازمین کے لئے جلد اعلان کی جانے والی پے رویژن کمیٹی میں آنگن واڑی کو شامل کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آنگن واڑی کے زیادہ تر مسائل کو حل کرلیا گیا ہے۔ حکومت نے زیرالتواء مڈڈے میل بلز جاری کئے ہیں۔ انہوں نے عورتوں اور بچوں کی بھلائی سے متعلق سکریٹری سے کہا کہ وہ آنگن واڑی ورکرس کے دوسرے مطالبات پر ایک رپورٹ پیش کریں۔

☆☆☆

وزیر اعظم نریندر مودی کی اپیل پر پورے تلنگانہ میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے صفائی ستھرائی سے متعلق ایک تاریخ ایک گھنٹہ ایک ساتھ پہل میں حصہ لیا۔ مودی نے شہریوں سے اپیل کی تھی کہ وہ مہاتما گاندھی کے یوم پیدائش کے موقع پر انہیں خراج عقیدت پیش کرنے کے لئے آج دن کے دس بجے صفائی ستھرائی مہم کے تحت ایک گھنٹہ شرمدان کریں۔ اپنے گزشتہ من کی بات پروگرام میں وزیر اعظم نے سوچھتا ہی سیوا ابھیان کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے عوام سے کہا تھا کہ وہ اس میگا صفائی مہم کے لئے وقت نکالیں۔ گورنر ڈاکٹر تملی سائی سوندرا راجن نے آج راج بھون میں شرمدان کی قیادت کی۔ اس موقع پر انہوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کے مشن کی ستائش کی اور وعدہ کیا کہ راج بھون ماحول دوست نظام کو برقرار رکھے گا۔ مرکزی وزیر اور بی جے پی کے ریاستی صدر جی کشن ریڈی نے حیدرآباد کے نلا کنٹہ کے قریب شرمدان میں حصہ لیا۔ انہوں نے عوام سے کہا کہ رضا کارانہ طور پر سوچھ بھارت ابھیان میں حصہ لیں۔

☆☆☆

سی جی او کمپلیکس کاواڑی گوڑہ سکندرآباد میں آج سوچھتا ہی سیوا، کچرے سے پاک ہندوستان پروگرام کا اہتمام کیا گیا۔ منیش دیسائی پرنسپل ڈی جی پی آئی بی نے اس پروگرام میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ انہوں نے عوام اور اسٹاف سے کہا کہ وہ سوچھ بھارت کے لئے وزیر اعظم نریندر مودی کے جذبہ اور عہد پر عمل کریں۔ اس موقع پر اطلاعات ونشریات محکمہ کے اسٹاف کو حلف دلایا گیا۔

☆☆☆

تلنگانہ قانون ساز کونسل کے رکن کاسی ریڈی نارائن ریڈی آج بی آر ایس سے مستعفی ہوگئے۔ انہوں نے ریاستی کانگریس کے صدر ریونت ریڈی اور دوسرے قائدین سے ملاقات کے بعد اس فیصلہ کا اعلان کیا۔ نارائن ریڈی اور ان کے حامی امکان ہے کہ جلد ہی

کانگریس پارٹی میں شامل ہوں گے۔ چیف منسٹر کے چندر شیکھر راؤ کو بھیجے گئے اپنے استعفی میں نارائن ریڈی نے کہا کہ کانگریس اور سونیا گاندھی کی اعلان کردہ چھ ضمانتوں نے ان میں امید پیدا کی ہے کہ ریاست تلنگانہ کی عوام کانگریس کے ذریعہ ترقی کو دیکھیں گے۔

☆☆☆

ریاستی وزیر تلاسانی سرینواس یادو نے کہا ہے کہ جی ایچ ایم سی حدود میں حکومت کی طرف سے تعمیر کئے گئے ڈبل بیڈ روم مکانات کی تقسیم کا تیسرا مرحلہ کل شروع ہوگا اور اس مہینہ کی پانچ تاریخ کو بھی جاری رہے گا۔ وزیر نے کہا کہ حکومت نے جی ایچ ایم سی حدود میں مناسب مقامات پر 9600 کروڑ روپے کے خرچ سے ایک لاکھ ڈبل بیڈ روم مکانات تعمیر کئے ہیں۔ پہلے مرحلہ میں 11 ہزار 700 اور دوسرے مرحلہ میں 13 ہزار 200 لوگوں کو مکانات دئے گئے۔ تیسرے مرحلہ میں 36 ہزار 884 امیدواروں کو چنا گیا ہے۔

☆☆☆

تلنگانہ ماڈل کے عنوان سے ایک کتاب کی رسم اجراء آج ریاستی وزیر تارک راما راؤ کے ہاتھوں انجام پائی جسے تلنگانہ ساہتیہ اکیڈیمی کے صدر نشین جے گوری شنکر نے لکھا ہے۔ کے ٹی آر نے اس موقع پر امر جیوتی کے عنوان سے ایک ڈاکیومنٹری بھی جاری کی جس میں تلنگانہ کے شہیدوں کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ دس منٹ کی اس ڈاکومنٹری میں 1969ء سے ریاست کی تشکیل تک کے واقعات کو بھی نمایاں کیا گیا ہے۔

☆☆☆

ریاست میں دلت بندھو اسکیم کے دوسرے مرحلہ کے لئے حاصل درخواستوں کی جانچ شروع ہوگئی ہے۔ حکومت نے کلکٹرس اور ارکان اسمبلی کو ہدایت دی ہے کہ وہ ہر حلقہ کے لئے ایک ہزار ایک سو استفادہ کنندوں کو چنے۔ اب تک پچاس ہزار درخواستیں 72 حلقوں میں وصول کی گئی۔

☆☆☆

آن لائن گیمنگ، بیٹنگ، کسینو، جوئے، گھوڑوں کی ریس اور لاٹری پر 28 فیصد جی ایس ٹی لگایا جائے گا۔ وزارت فینانس کے ایک گزیٹ اعلامیہ کے مطابق آج سے ترمیم شدہ جی ایس ٹی پر عمل ہوگا۔ نئی دہلی میں اس سال اگست میں ہونے والے 51 ویں جی ایس ٹی کونسل میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا گیا۔

☆☆☆

محکمہ موسمیات حیدرآباد کے مطابق آج شام تلنگانہ کے کئی علاقوں میں بارش ہوگی۔ حیدرآباد سمیت کئی ضلعوں کے لئے ایلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔

☆☆☆

حیدرآباد کے پرانے شہر میں آج بڑے پیمانے پر میلاد النبیؐ ریالی نکالی جارہی ہے۔ ریالی کے مدنظر پولیس نے بڑے پیمانے پر انتظامات کئے ہیں۔ سٹی پولیس نے چار مینار پولیس اسٹیشن پر خیر مقدمی اسٹیج لگایا ہے۔ پولیس کمشنر سی وی آنند نے ریالی کی نگرانی کی۔ ریالی کے مقامات پر ٹریفک پابندیاں لگائی گئیں۔

☆☆☆

گاندھی جینتی کے پیش نظر کل حیدرآباد اور سابقہ رنگا ریڈی ضلعوں میں گوشت اور شراب کی دکانیں بند رہیں گی۔